340 (Old Syllabus)

III

Total No. of Questions - 5
Total No. of Printed Pages - 3

Regd. No. | | | | | | | | | | |

Part - III

URDU, Paper-I

(Modern Language)

Time : 3 Hours] *[Max. Marks : 100*

.1 ذیل میں سے صرف 4 اقتباسات کی تشریح بحوالہ متن کیجیے : **4 × 5 = 20**

.1 "اگر آپ زبان و بیان پر تھوڑی سی قدرت رکھتے ہیں تو کرسی ملتے ہی عظیم ادیب و شاعر کہلائیں گے۔"

.2 اگرچہ باربار خوش اور دم بدم غمگین ہوتے ہیں دق ہو گیا مگر دل کے کان میں کوئی یہی کہے جاتا تھا کہ چلتے چلو جو نعمتیں ڈبکار رہی ہیں کبھی نہ کبھی ہاتھ میں آئیں گی۔

.3 ہم میں کتنے ہیں، جنھوں نے مرحوم کی طرح اپنی ساری عمر علم و ادب کی خدمت میں وقف کر دی ہو۔ اس راہ میں مخدوم بننا آسان ہے مگر خادم بننا بہت دشوار۔

.4 ان کا کوئی حریف اور مد مقابل نہیں۔ وہ اس پورے عہد پر چھائے ہوئے تھے۔ ان کی بے پناہ تخلیقی صلاحیتوں نے سماجی اور تہذیبی زندگی کے دھارے کو بدل دیا اور وہ انقلاب برپا کیا جس نے فاتح و مفتوح اور حاکم و محکوم کی اصطلاحوں کو کھوٹے سکوں کی طرح فکروفن کے ٹکسال سے نکال باہر کیا۔

.5 چند لکھنؤ والے "پہلے آپ"، "پہلے آپ" کہتے رہے اور ریل چھوٹ گئی چنانچہ دونوں اسٹیشن پر پڑے رہ گئے۔

.6 "ہاں وہ شخص بلاشبہ معزز ہے جس کا دل اس کو معزز جانتا اور معزز سمجھتا ہو۔ جس کو انگریزی میں 'سیلف ریسپکٹ' کہتے ہیں۔"

.7 "پتہ نہیں وہ اس سے کیا سننا چاہتے تھے۔ یا اس کے چہرے پر کیا پڑھنا چاہ رہے تھے۔"

.8 پاگلوں کی اکثریت اس تبادلے کے حق میں نہیں تھی اس لیے کہ ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ انھیں اپنی جگہ سے اکھاڑ کر کہاں پھینکا جا رہا ہے۔

II. ذیل میں سے کسی ایک مضمون کا خلاصہ لکھیے : **1 × 20 = 20**

1. کلیم کا مرزا ظاہرداد بیگ کے ہاں مہمان جانا

2. شروع قصے کا

3. صف شکن

III. ذیل میں سے کسی 4 اشعار کی تشریح کیجیے : **4 × 5 = 20**

1. پیا باج پیالا پیا جائے نا
پیا باج یک تل جیا جائے نا

2. خبر تحیر عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی
نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بے خبری رہی

3. کہہ دو ان حسرتوں سے کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دل داغ دار میں

4. وہ جو لطف مجھ پہ تھے بیشتر وہ کرم کہ تھا مرے حال پر
مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

5. حُسن پری اک جلوۂ مستانہ ہے اس کا
ہشیار وہی ہے کہ جو دیوانہ ہے اس کا

6. دل کا اجڑنا سہل سہی بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے

7. میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

8. گھبرا کے ہم نے اپنا نشیمن جلا دیا
دیکھا گیا نہ ہم سے اندھیرا بڑھا ہوا

IV. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : $1 \times 20 = 20$

1. بلبل اور میں

2. چُپ کی داد

3. حقیقتِ حُسن

V. (الف) اختر شیرانی کی سانٹ "عورت" لکھیے۔ $1 \times 10 = 10$

یا

آزاد نظم سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(ب) فعل کی تعریف کیجئے اور فعل کی بلحاظ زمانہ قسموں کو مثالوں کے ذریعہ بیان کیجئے۔ $1 \times 10 = 10$

یا

ضمیر کی تعریف کیجئے اور اس کی قسموں کو مثالوں کے ذریعے بیان کیجئے۔